نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سورج مکھی کی فصل سے بہتر پیداوار کے حصول کیلئے بروقت آبپاشی کی جائے،ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:28فروری2024( ) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ سورج مکھی کی فصل سے بہتر پیداوار کے حصول کیلئے بروقت آبپاشی کی جائے۔ترجمان نے مزید کہا کہ سورج مکھی کی بہاریہ فصل کو عام طور پر 5 آبپاشیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔پہلا پانی فصل کے اگاؤ سے 20 دن بعد،دوسرا پانی پہلے پانی کے تقریباً 20 دن بعد،تیسرا پانی پھول نکلتے وقت،چوتھا پانی بیج بننے کے عمل کے دوران اور آخری پانی بیجوں کی دودھیا حالت یا بیجوں کی بڑھوتری کے دوران لگانا چاہیے۔سورج مکھی کی فصل کو اس کی کل ضرورت کا 20 سے 25 فیصد پانی فصل اُگنے سے لے کر ایک ماہ کے دوران لگانا چاہیے۔فصل کو سوکا لگ جائے تو بیج کی پیداوار میں 40فیصد سے زیادہ کمی ہوجاتی ہے اس کمی کی وجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو عمل زیرگی متاثر ہوتا ہے جس سے پھول کے مرکز میں بیج نہیں بنتے اور جو بیج بنتے ہیں ان کی جسامت بہت چھوٹی ہوتی ہے اور وہ بیج اندر سے خالی ہوتے ہیں۔اگر مارچ اور اپریل میں موسم گرم ہوجائے تو فصل کو پانی دینے کا دورانیہ کم مگر پانی زیادہ مرتبہ لگانا چاہیے۔شدید موسم میں آبپاشی کی ضرورت بڑھ جاتی ہے۔بروقت آبپاشی کرنے سے بیج صحت منداور زیادہ بنتا ہے جس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔اگر زیادہ گرمی ہو تو بہاریہ سورج مکھی کو پھول نکلتے وقت پانی کا وقفہ کم کر دینا چاہیے ورنہ عمل زیرگی متاثر ہونے کی وجہ سے پھول کا کچھ حصہ بیج بننے سے محروم رہ جاتا ہے۔

☆☆☆☆